طالب علم کی مالی امداد کے لیے اہلیت

پرائیویٹ کیرئیر کالج میں داخلہ لیتے وقت مالی معاونت کے لیے درخواست دینے کے طریقہ کار کے بارے میں مزید جانیں۔

اہم!

اگر آپ اپنی تعلیم کے لیے مالی معاونت کے خواہاں ہیں، تو یقینی بنائیں کہ آپ اصولوں اور ممکنہ خطرات سے باخبر ہیں۔ اپنا قرض واپس ادا کرنے کے لیے تیاری کریں اور دھوکے بازوں اور شناختی جعلسازوں پر نظر رکھیں۔ اپنی ذاتی معلومات کو محفوظ رکھیں۔ اگر آپ کو مدد درکار ہے، تو طالب علم کی مالی امداد برائے البرٹا سے رابطہ کریں۔

جائزہ

لائسنس یافتہ پرائیویٹ کیریئر کالجز کے پروگرامز میں داخلہ لینے والے طلباء ٹیوشن، فیس، کتابوں اور رہائش کے اخراجات کو پورا کرنے کے لیے بطور مدد صوبائی اور وفاقی مالی امداد برائے طالب علم کے لیے اہل ہو سکتے ہیں۔

غیر لائسنس یافتہ پرائیویٹ کیریئر کالجز کے پروگرامز میں داخلہ لینے والے طلباء، طالب علم کی مالی امداد کے لیے اہل نہیں ہوتے۔

طالب علم کی مالی امداد کی اقسام

کُل اور جُز وقتی اہل طلباء قرضوں اور گرانٹس کا مجموعہ حاصل کر سکتے ہیں۔

- اپنا پروگرام ختم ہونے کے بعد قرضوں کی واپس ادائیگی کرنا لازمی ہے، چاہے آپ پروگرام مکمل نہ بھی کریں۔
- جب تک کہ آپ کی اہلیت میں تبدیلی نہ ہو گرانٹس واپس ادا کرنے کی ضرورت نہیں ہوتی۔

اس بات کا انحصار آپ کی مالی اور تعلیمی صورتحال پر ہوتا ہے کہ آپ کتنی رقم وصول کرنے کے اہل ہیں۔ سالانہ اور تا حیات قرض کی حدیں مقرر ہیں، اس کا مطلب ہے کہ جب تک آپ اپنے موجودہ قرضے ادا نہیں کر دیتے، آپ طالب علم کو پیش کردہ مزید قرضے وصول کرنے کے اہل نہیں ہو سکیں گے۔

اگر آپ البرٹا حکومت کی جانب سے مالی معاونت کی دیگر اقسام پہلے سے حاصل کر رہے ہیں، تو ہو سکتا ہے کہ آپ طالب علم کی مالی امداد کے لیے درخواست دینے کے نتیجے میں اس معاونت سے محروم ہو جائیں۔ درخواست دینے سے قبل معلومات کے حصول کے لیے اپنے کیس ورکر سے رابطہ کریں۔

درخواست دینے سے قبل

- جس پرائیویٹ کیریئر کالج میں آپ داخلہ لینے کا ارادہ رکھتے ہیں اس کے بارے میں تحقیق کریں۔
- دیکھیں کہ آیا پیش کردہ پروگرامز آپ کے کیریئر کے مقاصد سے مطابقت رکھتے ہیں۔
- دیکھیں کہ آیا اسناد آپ کے کیریئر کی ترقی میں مدد کرنے کے لیے موزوں حد تک معتبر ہیں۔
- اپنے حقوق اور ذمہ داریوں کے ساتھ ساتھ کالج کے حقوق اور ذمہ داریوں کو بھی سمجھیں۔
- تلاش کریں کہ آیا اسکول اور پروگرام طالب علم کی مالی امداد کے لیے اہل ہیں۔
- تلاش کریں کہ آیا آپ طالب علم کی مالی امداد کے لیے اہل ہیں۔

خود کو دھوکہ دہی کا شکار ہونے سے بچائیں

شناختی فراڈ یا چوری سے اپنی اور اپنی ذاتی معلومات کی حفاظت کرنا ضروری ہے۔ اپنی طالب علم کی قرضہ جاتی درخواست پر فراہم کردہ معلومات کے آپ ذمہ دار ہیں۔

- طالب علم کی مالی امداد برائے البرٹا کی ویب سائٹ پر صرف آن لائن درخواست دیں۔
- اپنی درخواست خود جمع کروائیں۔
  - مالی امداد برائے طالب علم کے لیے کسی دوسرے کو اپنی جانب سے درخواست دینے کی اجازت ہرگز نہ دیں۔ اس میں پرائیوٹ کیریئر کالج کا عملہ اور بھرتی کاران شامل ہیں۔
  - کسی ایسے شخص کے ساتھ اپنی ذاتی معلومات کا اشتراک کرنے سے گریز کریں جس سے آپ واقف نہ ہوں (بینک اکاؤنٹ، سوشل انشورنس نمبر یا طالب علم کی قرض کے حوالے سے معلومات)۔
  - اگر آپ کو مدد درکار ہے، تو 1-855-606-2096 پر طالب علم کی مالی امداد برائے البرٹا کے سروس سینٹر کال کریں، آپشن 1۔

©2021 البرٹا کی حکومت | 15 اپریل، 2023 | جدید تعلیم

- یقینی بنائیں کہ آپ کی طرف سے اپنی درخواست پر فراہم کردہ معلومات حقیقت پر مبنی اور درست ہیں۔ غلط یا گمراہ کن معلومات فراہم کرنے کے نتیجے میں آپ کی امداد منسوخ ہو سکتی ہے یا مجرمانہ الزامات عائد ہو سکتے ہیں۔
- اگر آپ کو لگتا ہے کہ آپ شناختی فراڈ اور چوری کا شکار ہوئے ہیں، تو فوراً طالب علم کی مالی امداد کو رپورٹ کریں۔

درخواست دینے کا طریقہ کار

- آپ studentaid.alberta.ca پر صوبائی اور وفاقی مالی امداد برائے طالب علم دونوں کے لیے درخواست دے سکتے ہیں۔
- آپ کو محض ایک درخواست جمع کروانے کی ضرورت ہو گی۔
- آپ پر لازم ہے کہ درخواست کے سسٹم تک رسائی حاصل کرنے کے لیے ایک تصدیق شدہ Alberta.ca اکاؤنٹ تخلیق کریں۔
- مرحلہ وار ہدایات پر عمل کریں۔

رابطہ

کسی معتبر ذریعے سے اپنی درخواست میں مدد حاصل کرنے کے لیے، رابطہ کریں:

طالب علم کی مالی امداد برائے البرٹا کا سروس سینٹر
شمالی امریکہ میں ٹول فری: 1-855-606-2096

©2021 البرٹا کی حکومت | 15 اپریل، 2023 | جدید تعلیم